# 14-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ ریاست بھر میں آج ورلڈ بلڈ ڈونر ڈے منایا جا رہا ہے۔ گورنر شیو پرتاپ شکلا نے بڑی تعداد میں آگے آکر خون کا عطیہ دینے عوام اور نوجوانوں سے اپیل کی۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ حکومت سنگارینی ادارہ کی مضبوطی اور ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے پابند عہد ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی انتخابی وعدوں پر عمل کرنے میں ناکامی کے بعد مرکزی حکومت پر تنقید کر رہے ہیں۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ ریاست کے مختلف اضلاع میں آج اور کل گرج اور چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔ ریاست کے 21 اضلاع میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ ریاست کے مختلف اضلاع میں آج اور کل گرج اور چمک کے ساتھ بارش ہوگی اور گھنٹہ 30 سے 40 کلومیٹر کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ عادل آباد، منچریال، ملگ، کھمم، ورنگل، سوریہ پیٹ، حیدرآباد، میڑچل، ملکاجگری سمیت 21 اضلاع کو ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ گزشتہ کل بھدرادری کوتہ گوڑم، حیدرآباد اضلاع کے ساتھ سولاپور، کلنگاپٹنم، پارادیپ، مظفرپور سے جنوب مغربی مانسون پھیل چکا ہے۔ اندرون دو یوم دونوں تلگو ریاستوں کے علاوہ کرناٹک کے ساتھ مغربی بنگال میں جنوبی مغربی مانسون پھیلنے کا امکان ہے۔

PN

Blood Donation

ریاست بھر میں آج ورلڈ بلڈ ڈونر ڈے منایا جارہا ہے۔ اِس موقع پر تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے حیدرآباد کے این ٹی آر مارگ پر انڈین ریڈ کراس سوسائٹی کی جانب سے منعقد کیئے گئے ایک ریالی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا اور بعدازاں لوک بھون کے ثقافتی کمیونٹی ہال میں خون کے عطیہ کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ خون کا عطیہ ایک زندگی کو بچانے کے برابر ہے۔ انہوں نے بڑی تعداد میں سامنے آکر خون کا عطیہ دینے عوام سے اپیل کی۔ گورنر نے کہا کہ ایمرجنسی کے موقع پر خون نہ ملنے کی وجہ سے کسی ایک کی موت نہیں ہونی چاہیئے۔ اس کیلئے خون کا عطیہ کرنا بہت ہی ضروری ہے تاکہ لوگوں کی زندگیوں کا تحفظ کیا جاسکے۔

Desk

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا کہ مرکز اور ریاست کے آپسی تعاون کے ذریعہ ہی ترقی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ریاست کو نقصان ہوا ہے۔ اب ریونت ریڈی کی حکومت کے تعاون سے مرکز ریاست کو مزید فنڈ جاری کررہی ہے۔ راجنا سرسلہ ضلع ویملواڑہ کے رورل منڈل بولارم، نظام آباد ضلع کے سری کنڈہ تک سڑک کی توسیعی کاموں کا آج انہوں نے سنگ بنیاد رکھا۔ اِس موقع پر بنڈی سنجے نے کہا کہ سی آر آئی ایف اسکیم کے تحت 23 کروڑ کی لاگت سے انجام دئے جانے والے یہ کام 6 مہینوں میں مکمل کرلئے جائیں گے۔

Byte : Bandi Sanjay Kumar

PTC - Rajanna Sircilla Jilla

Bhatti - Vote

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے منچریال میں ووٹرلسٹ نظرثانی کے عمل پر منعقد کئے گئے بوتھ لیول سطح کے ایجنٹوں کے ایک شعور بیداری پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پر بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ ایس آئی آر کے نام پر ووٹوں کو حذف کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ مرکزی حکومت الیکشن کمیشن کے ساتھ ساز باز کرتے ہوئے کانگریس کے موافق ووٹوں کو حذف کرنے کی کوشش کررہی ہے۔بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں ناکامی کے خوف سے بی جے پی اس طرح کے کاموں کوانجام دے رہی ہے۔انہوں نے ووٹرلسٹ نظرثانی کے عمل میں چوکس رہنے بوتھ لیول ایجنٹوں پرزوردیا۔

Byte

PTC - Mancherial

Crops

کریم نگرضلع اگریکلچرآفیسر بھاگیہ لکشمی نے موسمی حالات کومدِنظررکھتے ہوئےفصلوں کی پیداوارکرنے کسانوں سے اپیل کی۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں 2.79 لاکھ ایکراراضی پر دھان اور 52 ایکر اراضی پرکپاس کی پیداوارہونے کا اندازہ لگایا گیاہے۔کم پانی سے پیداوارہونے والی توراوردیگر دالوں کی اجناس والےفصلوں کی پیداوارکرنے اورتیلوں کے بیجوں کی پیداوارکرنے کسانوں سے اپیل کی۔اس موقع پرانہوں نے آکاش وانی سے بات بھی کی۔

Byte - Bhagya Lakshmi

PTC - Karimnagar

Bhatti - Singareni

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے منچریال ضلع کے سری رام پوراوپن کاسٹ کا آج دورہ کیا۔اس موقع پرانہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ سنگارینی ادارہ کی مضبوطی اورملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت پابندعہد ہے۔انہوں نے ادارہ کی ترقی کیلئے متحدہ کوشش کرنے سنگارینی کے ملازمین پرزوردیا۔بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ حکومت کے سب سے بڑے ادارہ سنگارینی میں ہرکام شفافیت کے ساتھ انجام دیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض لوگ جھوٹے بیانات کے ذریعہ ادارہ کے ملازمین میں غلط فہمیاں پیدا کررہے ہیں۔بھٹی وکرامارکہ نے مزید کہا کہ ریاست بھر کے دیہی علاقوں میں کینسر کی بیماری پھیلنے کے رپورٹس سامنے آرہے ہیں۔ بیماری کی ابتدائی مرحلہ میں ہی نشاندہی کرنے کے لئے جدید آلات کے ذریعہ کینسراسکریننگ بسوں کوقائم کیا جارہا ہے۔یہ بسیں ہر گاؤں کا دورہ کرتے ہوئے اسکریننگ ٹسٹ انجام دیں گے۔

Sound Byte: Bhatti

PTC - Mancherial

Panchayat Employees

ریاستی وزیر سیتااکا نے کہا کہ حکومت گرام پنچایت کے ملازمین کے مسائل کوحل کرنے کیلئے سنجیدہ ذہن رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرتے ہوئے ہرمہینہ ان کے بینک اکاؤنٹ میں رقم جمع کرانے کہ اقدامات کئے جائیں گے۔تلنگانہ گرام پنچایت ملازمین سنگم کے ایک وفد نے آج حیدرآباد کے پرگتی بھون میں ملاقات کی اوران کوایک یادداشت بھی پیش کی۔ریاستی وزیر نے بل کلکٹرس اوردیگر کے مسائل کو بہت جلد حل کرنے کا تیقن دیا۔

Desk

School Tiffin

گرمائی تعطیلات کے بعد ریاست میں اسکولوں کی کل سے کشادگی عمل میں آئے گی۔اس ضمن میں ٹرانسپورٹ کے ایم ڈی وائی ناگی ریڈی نے تمام ریجنوں کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ طلبہ کی سہولت کیلئے مناسب بسیں چلائیں تاکہ طلبہ کو کوئی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے بسوں کو چلانے کے موقع پر وقت کی پابندی کرنے پر بھی زور دیا۔ضرورت پڑنے پر اضافی بسیں چلانے کی بھی ہدایت دی۔

Desk

CM - Nalgonda

نلگنڈہ ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس مہینہ کی 17 تاریخ کو نلگنڈہ ضلع کا دورہ کریں گے۔اس موقع پر وزیراعلیٰ 450 کروڑ روپیوں کی لاگت سے انجام دئے جانے والے اے ایم آر پی نہر کے لائننگ کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ریاست بھر میں 14 ہزار کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے دو مساوی سڑکوں کی بھی بھومی پوجا کریں گے۔

PTC - Nalgonda

Yadadri

سپریم کورٹ کے جج جسٹس پی ایس نرسمہا نے آج یادادری میں شری لکشمی نرسمہا سوامی مندر میں خصوصی پوجا کی۔مندر کے پجاریوں نے ان کا استقبال کیا۔پجاریوں نے ان کو پرساد بھی پیش کیا۔ ادھر مندر میں عقیدت مندوں کا ہجوم دیکھا جا رہا ہے۔خصوصی درشن کے لئے تقریباً دو گھنٹے جبکہ عام درشن کے لئے تین گھنٹے کا وقت لگ رہا ہے۔

PTC - Yadadri Bhuvanagiri

Vemulawada

راجنا سرسلہ ضلع کے ویملا واڑہ میں واقع شری راجا راجیشور سوامی اور بھیمیشور سوامی مندروں میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد دیکھی جا رہی ہے۔ تعلیمی اداروں کی تعطیلات آج ختم ہونے کے باعث بڑی تعداد میں زائرین مندروں کا رخ کر رہے ہیں۔

PTC - Rajanna Sircilla

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی انتخابی وعدوں پر عمل کرنے میں ناکامی کے بعد مرکزی حکومت پر تنقید کر رہے ہیں۔ حیدرآباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ میٹرو ریل منصوبہ کے لئے مرکز نے فنڈس فراہم نہیں کئے تو وہ استعفیٰ دینے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے چیلنج کیا کہ اگر کانگریس حکومت نے انتخابی وعدے پورے نہیں کئے تو کیا وزیر اعلیٰ استعفیٰ دیں گے؟ کشن ریڈی نے کانگریس حکومت پر عوام کو دھوکہ دینے کا الزام لگایا اور کہا کہ کانگریس اور بی آر ایس خفیہ مفاہمت کے تحت سیاست کر رہی ہیں۔

Desk

Rains... CM's Warning

ریاست میں شدید بارش کی پیش قیاسی کے پیش نظر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کو ر اربن ریجن کے تمام محکموں کو مکمل طور پر تیار رہنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے افسران اور عملہ کو باہمی رابطہ کے ساتھ کام کرنے کا حکم دیا۔ دوسری جانب وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے محکمہ آر اینڈ بی کے افسران کو فیلڈ میں موجود رہنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی حالات کے علاوہ تعطیلات کے دنوں میں بھی افسران ڈیوٹی پر حاضر رہیں۔ محکمہ آر اینڈ بی کے ای این سی دفتر میں کنٹرول روم قائم کر کے مسلسل نگرانی کی جائے گی۔

Desk

Solar Lights

آصف آباد ضلع کے تریانی منڈل میں ضلع پولیس نے قبائلی عوام میں 87 سولر لائٹس تقسیم کیں۔اس موقع پر ضلع ایس پی نتی کا پنت نے کہا کہ پولیس محکمہ صرف امن و امان تک محدود نہیں بلکہ قبائلی علاقوں میں سڑکوں کی حفاظت اور منشیات مخالف بیداری مہم بھی چلا رہا ہے۔اس پروگرام میں ڈی ایس پی اشوک سمیت دیگر افسران شریک تھے۔

PTC Asifabad District

NEET – Jangaon

21 جون کو منعقد ہونے والے نیٹ داخلہ امتحان کے لئے جنگاؤں ضلع میں دو امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔کلکٹر سندیپ کمار جھا کے مطابق ضلع مرکز کے اے بی وی وی ڈگری کالج اور پیمبرتی کے مہاتما جیوتی راؤ پھولے رہائشی اسکول کو امتحانی مراکز کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔امتحان دوپہر 2 بجے سے شام 5 بج کر 15 منٹ تک جاری رہے گا۔

PTC Jangaon

ITDA

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کی انٹیگریٹڈ ٹرائبل ڈیولپمنٹ ایجنسی کے تحت چلنے والے وکاسم اسکول میں جماعت اول تا نہم کے داخلوں کے لئے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔آئی ٹی ڈی اے کے پروجیکٹ آفیسر بی راہول نے بتایا کہ قبائلی طلبہ کے ساتھ ساتھ دیگر معذور لڑکے اور لڑکیاں بھی داخلے کے لئے اہل ہیں۔

PTC Bhadradri Kothagudem

Diabetes

ذیابطیس کا مرض تیزی سے پھیل رہا ہے۔اس ضمن میں ریاستی ذیابطیس تحقیقاتی مرکز کی ایگزکیٹو سکریٹری ڈاکٹر جی گیتا نے جدید جدید طبی طریقہ سے اور تازہ تحقیقات پر معلومات حاصل کرنے عوام کو ہدایت دی۔کریم نگر کے پرتیما انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنس میں منعقدہ ایک پروگرام میں انہوں نے شرکت کی۔اس موقع پر بات کی۔

Sound Byte: Deepa

PTC Karimnagar